Bayerisches Landesamt für
Gesundheit und Lebensmittelsicherheit

# ہیپاٹیٹس بی کے بارے میں معلوماتی اشتہار

آپکی صحت کی طبی جانچ پڑتال کے سلسلے میں کیئے گئے ٹیستوں میں ہیپاٹیٹس بی کے جراثیم کا بھی ٹیسٹ کیا گیا تھا ۔جسکے نتیجے میں خون میں کچھ ایسے آثار ملے ھیں جوکہ ہیپاٹیٹس بی کی بیماری کے لگتے ھیں۔ یہ نتائج آپکی رھائش کے علاقے کے ذمہ دار صحت کے دفتر کو بھیجے جائیں گے۔ اور اسایلم کے قانون کی دفعہ 62 کے مطابق ان نتائج کو اسایلم اور امیگریشن کے فیڈرل آفس اور آپکو رھائش کی جگہ دینے والے مختار دفتر کو بھی بھیجے جائیں گے۔

ان آثار کو ثابت کرنے کے لیئے زیادہ جانچ پڑتال جیسے کہ الٹرا ساونڈ ویو سے پھیپھڑوں کو چیک کرنا اور خون کے وسیع ٹیسٹ کی ضرورت ھے۔ صرف اس طرح سے ھی پتہ چل سکتا ھے کہ کیا آپکا علاج کیا جاۓ یا نہیں اگر ھاں تو کس طرح کا علاج کیا جاۓ۔ اس لیئے آپ مہربانی کرکے آپکی رھائش کے ڈاکٹر یا اپنی مرضی سے چونے ڈاکٹر کے پاس جائیں۔ آپکو جانچ پڑتال کروانے کے لیئے کاغذ آپکے علاقے کے ڈسٹریکٹ اڈمینیسٹریشن آفس (سوسیال امت) یا اپنے شہر کے امداد کرنے والے دفتر سے مل سکتے ھیں۔

<u>ہیپاٹیٹس بی کی بیماری:</u>
ہیپاٹیٹس بی ایک جگر کی متعدی جراثیمی بیماری ھے جسکا دوران مختلف ھے اسکے آثار جیسے کہ پیٹ کے اوپروالے حصے میں ایک انجانی تکلیف، بھوک نا لگنا، بیمار ھونے کا احساس، الٹی کرنا، تھکاوٹ اور یرکان (پیلی آنکھیں، پیلا جلد اور پیلی بلغم کی جھلی) کبھی ظاہر ھوتے ھیں اور کبھی بیماری کے ھونے کے باوجود بھی یہ آثار چھپے رھتے ھیں۔ 10٪ حالتوں میں اس بیماری کا کامل علاج نہیں ھوسکتا اور یہ بیماری مزمن ھوجاتی ھے اور وقت کے گزرنے کے سے جگر سکڑتا (Zirrhose) جاتا ھے اور کبھی جگر کا کینسر (hepatozelluläres Karzinom) ھو جاتا ھے۔

<u>یہ بیماری کیسے ایک سے دوسرے کو لگتی ھے:</u>
ہیپاٹیٹس بی کے جراثیم زیادہ تر ایک شخص سے دوسرے شخص کو جنسی ھم آغوشی سے منتقل ھوتے ھیں اور بہت کم حالتوں میں یہ دوسرے مائعات جسم سے منتقل ھوتے ھیں۔

جنسی ربط: ہیپاٹیٹس بی جوکہ زیادہ تر جنسی ھم آغوشی سے ایک سے دوسرے کو لگتی ھے، کونڈم کے استعمال کرنے سے اس خطرے کو روکا جاسکتا ھے۔

ہیپاٹیٹس بی کے جراثیم سے چھوت لگے ھوۓ خون سے اتصال: جیسے کہ خون بہتے ھوۓ زخم کی مرہم پٹی کرنے کے وقت، کسی کے ساتھ پیچکاری (ڈرگز کا استعمال کرنا)، ناخن تراش، ڈاڑھی بنانے کے استرے یا پاکی کو مشترکہ استعمال کرنے سے۔

پیدائش کے وقت ہیپاٹیٹس بی کا لگ جانا: اگر بچے کی ماں کو ہیپاٹیٹس بی ھو تو پیدائش کے وقت بچے کو ماں کے خون سے اتصال کی وجہ سے ہیپاٹیٹس بی لگ جاتی ھے۔

گودنے (ٹاٹو)، اکوپنکچر (چینی طبابت میں سوئیوں سے علاج)، کان کو سراخ کرنے سے: اگر فنی قاعدوں یا نظافت کی رعایت نہیں کی جاۓ تو ہیپاٹیٹس بی لگ جاتی ھے۔



Merkblatt für Asylbewerberinnen und Asylbewerber zur Hepatitis B Urdu

علاج کے امکانات:
آپکو کس حد تک ہیپاٹیٹس بی کے علاج کی ضرورت ھے یہ وسیع ٹیسٹوں کے نتیجے سے وابستہ ھے۔ آپکا ڈاکٹر آپکو اس بارے میں تفضیل سے بتائے گا۔

دوسروں کو بیماری لگانے سے بچاو کے لیئے طرز عمل:

- حسب معمول معشرتی رابطوں (کسی سے ھاتھ ملانا یا کسی سے بات کرنا) سے بیماری میں مبتلا ھونے کا خطرہ نہیں ھے۔
- اورلوگوں کو آگاہ کریں کہ وہ دوسروں کے خون یا اور مائعات جسم سے اتصال کے وقت (جیسے کہ فرسٹ ایڈ، بلخصوص خون بہتے ھوئے زخم پر پٹی لگانے کے وقت) ایک بار استعمال کے دستانے پہنیں۔
- آپکے ساتھ جنسی رابطہ رکھنے والے ساتھی کو آپکے امکانی طور پر ہیپاٹیٹس بی میں مبتلا ھونے کے بارے میں بتائیں۔
- دوسروں کے ساتھ ھمبستر ھونے کے وقت کونڈم استعمال کریں۔
- آپکے رشتے دار اورآپکے گھروالے ہیپاٹیٹس بی کی ویکسین کا ٹیکا لگوائیں۔
- اگر آپ کو ہیپاٹیٹس بی ھے تو آپ اپنا خون کسی کو نادیں۔
- اگر نیے پیدا ھوئے بچے کو جسکی ماں کو ہیپاٹیٹس بی ھے پیدائش کے وقت فوراَ ھی ویکسین کا ٹیکا لگایا جائے تو اسے ہیپاٹیٹس بی لگنے سے بچایا جا سکتا ھے۔
- اپنے علاج کرنے والے ڈاکٹر اور اپنے دانتوں کے ڈاکٹر کو آپکے ہیپاٹیٹس بی میں مبتلا ھونے کے بارے میں بتائیں۔
- اگر آپکی صحت بگڑ گئی تو اپنی رھائش کے علاقے کے ذمہ دار صحت کے دفتر کو رجوع کریں اور وھاں انکو آپکے ہیپاٹیٹس بی میں مبتلا ھونے کے بارے میں بتائیں

آپکے رھائش کے علاقے کے ذمہ دار صحت کے دفتروالے آپکو بڑی خوشی سے صلاح و مشورہ دینگیں۔

مزید معلومات اور مزید معلوماتی اشتہارات کر سکتے ھیں انٹرنیٹ سے فراہم کریں:

- Bayerisches Landesamt für Gesundheit und Lebensmittelsicherheit (LGL) (بایرن سٹیٹ کا صحت اور اشیائے خوراک کی حفاظت کا دفتر) www.lgl.bayern.de کے نیچے

http://www.lgl.bayern.de/gesundheit/infektionsschutz/asylbewerber_gesundheit/index.htm سے (یہاں صرف جرمن بولی میں موجود ھیں)۔
- Robert Koch-Institut سے www.rki.de کے نیچے http://www.rki.de/asylsuchende (یہاں صرف جرمن بولی میں موجود ھیں)۔
- Bundeszentrale für gesundheitliche Aufklärung (تعلیم صحت کا فڈرل مرکز) کے http://www.bzga.de کے نیچے http://www.infodienst.bzga.de/?id=Seite3233 http://www.infektionsschutz.de/erregersteckbriefe/ سے (یہاں جرمن، انگلش، عربی، ترکی، فرنچ اور روسی) بولیوں میں موجود ھیں ۔
- Centers for Disease Control and Prevention (CDC) (بیماری کو کنٹرول اور اس سے بچانے کے مرکز) کے http://www.cdc.gov/vaccines/vpd-vac/hepb/default.htm نیچے (یہاں صرف انگلش اورسپینش بولیوں میں موجود ھیں)۔
- World Health Organization (WHO) (صحت کی جھانی تنظیم) کے نیچے http://www.euro.who.int/en/health-topics/communicable-diseases/hepatitis (یہاں صرف انگلش بولی میں موجود ھیں)۔